دُروسِ قرآن، ڈاکٹر محمد اسلم صدیقی۔ ناشر: ادارہ ہدی اللناس، ۱۰۹- ڈی، رضوان بلاک، اعوان ٹاؤن، لاہور، ۱- **سورة الفاتحه**، صفحات: ۱۲۸۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ ۲- **سورة البقره** (جلداوّل) صفحات: ۴۴۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

کتاب کے نام سے بظاہر محسوس ہوتا ہے کہ یہ منتخب حصوں کے دروس کا مجموعہ ہے لیکن درحقیقت یہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ بقرہ (آیت ۱ تا ۱۷۶) کی مسلسل تفسیر ہے۔ آیات اور اہم الفاظ کی تشریح کے لیے عنوانات اور ذیلی عنوانات قائم کیے گئے ہیں۔ الفاظ اور جملوں کی علمی مگر عام فہم تشریح کے ساتھ ساتھ آیات میں مضمر فلسفہ بیان ہوا ہے۔ ایک آیت یا ایک مضمون کی حامل آیات کا عصری حالات پر انطباق کیا گیا ہے۔ عقل و ذہن کی بیداری کے ساتھ ساتھ خطیبانہ آہنگ میں جذبات کو اُبھارنے، حق کے قیام کے لیے کھڑا کرنے، اور خشیت و انابت الی اللہ کی پرداخت کے لیے تذکیر و نصیحت کا انداز اختیار کیا گیا ہے۔

صاحب کتاب پروفیسر ڈاکٹر محمد اسلم صدیقی کی شہرت ایک صاحب طرز خطیب کی ہے۔ قرآن ان کا موضوع خاص ہے۔ ان کے درس لوگوں کو جگانے والے ہوتے ہیں۔ غالباً یہی درس اس تفسیر کی مسلسل صورت میں طبع کیے جا رہے ہیں، اس لیے کہ تحریر میں خطابت کا انداز قائم ہے۔

وہ اصحاب جو تفہیم القرآن کی جلد اوّل کے اختصار کے باعث تشنگی محسوس کرتے ہیں، ان کے لیے یہ مجموعہ کافی حد تک تشفی کا باعث بنے گا۔

تفسیری نکات پر مشتمل زیرنظر مجموعہ جدید اشکالات کے حل، خوب صورت انداز بیاں اور خطیبانہ آہنگ کے باعث جدید تعلیم یافتہ افراد اور مدرسین کی تیاری کے لیے مفید اور بیش بہا تحفہ ہے۔ (اختر حسین عزمی)

مقالاتِ گیلانی، مولانا سید مناظر احسن گیلانی۔ ناشر: شیخ زاید اسلامک سنٹر، جامعہ پنجاب، لاہور۔ صفحات: ۶۸۷۔ قیمت: ۶۰۰ روپے۔

برعظیم کے علمی اُفق پر ماضی قریب میں چند ایسی شخصیات اُبھری ہیں، جن کا علم و فضل اور تخلیقات و تحقیقات کی نوعیت قاموسی ہے۔ ان میں سے ایک سید مناظر احسن گیلانیؒ (یکم اکتوبر